**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**30جون2026ء**

# پریس ریلیز

## جیو نیوز کا ایک پروگرام میں نبی کریم ﷺ اور اہلِ بیتؓ کے بصری نقوش دکھانا بدترین گستاخی ہے۔

## جیو گروپ پر مستقل پابندی عائد کی جائے اور گستاخی کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** جیو نیوز کا ایک پروگرام میں نبی کریم ﷺ اور اہلِ بیتؓ کے بصری نقوش دکھانا بدترین گستاخی ہے۔ جیو گروپ پر مستقل پابندی عائد کی جائے اور گستاخی کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ جیو نیوز کا محرم الحرام کے مقدس مہینے میں 'سفرِ عشق' کے نام سے پروگرام نشر کرنا، جس میں نبی کریم ﷺ اور اہلِ بیتؓ کے بصری نقوش دکھائے گئے نہ صرف دینی لحاظ سے بدترین گستاخانہ عمل ہے اور سختی سے منع ہے بلکہ آئینِ پاکستان کی بھی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیو جیسے ٹی وی چینل کا سیکولر، لبرل طرزِ عمل سب پر واضح ہے۔ جیو نے لاکھوں مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو مجروح کیا ہے۔ اِس بے ادبی اور گستاخی پر قانون کو فوری طور پر حرکت میں آکر ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دینی چاہیے تھی۔ PEMRA کی 15 دن کی عارضی پابندی ناکافی ہے۔ ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان میں دینی مقدسات کی ہر نوعیت کی گستاخی کو روکنے کے لیے چوکنا رہیں۔ انہوں نے حکومت، PEMRA اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ جیو نیوز پر بھاری جرمانہ، لائسنس کی منسوخی اور چھوٹے بڑے تمام ذمہ دار افراد کے خلاف پاکستان پینل کوڈ کی متعلقہ دفعات کے تحت سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ کوئی ٹی وی چینل یا سوشل میڈیا پر موجود شر پسند ایسے اندوہناک واقعات کا اعادہ کرنے کی جرات بھی نہ کرسکے۔

**جاری کردہ**

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: June 30th, 2026**

## Geo News showing visuals of Nabi Karim (*SAAW*) and the Ahl-e-Bait (*RA*) in one of its programs is the worst form of blasphemy.

## A permanent ban should be imposed on Geo Group, and those responsible for this blasphemy must be awarded exemplary punishment.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that Geo News broadcasting a program titled "Safar-e-Ishq" during the sacred month of Muharram al-Haram, in which visuals of Nabi Karim (*SAAW*) and the Ahl-e-Bait (*RA*) were shown, is not only the worst act of blasphemy from a religious point of view and strictly prohibited, but also a clear violation of the Constitution of Pakistan. He said that the secular and liberal conduct of the TV channels, such as Geo, is evident to everyone. Geo has deeply hurt the religious sentiments of millions of Muslims. On this act of disrespect and blasphemy, the law should have immediately come into action and awarded exemplary punishment to those responsible. PEMRA's temporary 15-day ban is insufficient. It is the responsibility of state institutions to remain vigilant in preventing every form of blasphemy against religious sanctities in the God-gifted state of Pakistan. He demanded from the government, PEMRA, and the relevant institutions that a heavy fine be imposed on Geo News, its license be cancelled, and strict legal action be taken against all responsible individuals, whether senior or junior, under the relevant provisions of the Pakistan Penal Code, so that no TV channel or mischief-maker on social media may ever dare to repeat such tragic incidents.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**